भारत सरकार
GOVERNMENT OF INDIA
राष्ट्रीय पुस्तकालय, कलकत्ता ।
NATIONAL LIBRARY, CALCUTTA.

वर्ग संख्या
Class No. VII E

पुस्तक संख्या
Book No. 86

रा० पु० / N. L. 38.
MGIP (K)-S.R. (Lib) Sept. -S13-8 LNL/79-26-5-79-5,000.

ترجمہ

ایکٹہاے مصدرہ نواب گورنر جنرل بہادر ہند

باجلاس کونسل

واضع آئین و قوانین

IMPERIAL LIBRARY
No. 3518
Date 6.1.38.
CALCUTTA

بابت سنہ ۱۸۹۴ع

الہ آباد

گورنمنٹ پریس میں چھاپا گیا

سنہ ۱۸۹۶ع

3518
6.1.34.

فهرست ایکٹ‌هاے مصدرۂ سنه ۱۸۹۴ع

حصول اراضي كا ايكت مصدرة سنه ١٨٩۴ ع ؛

اس ايكت كے مضامين كي فهرست ؛

حصه - ١ ؛

مضامين ابتدائي ؛

دفعات

حصه - ٢ ؛

حصول اراضي ؛

تحقيقات ابتدائي ؛

حصول اراضي كے مطلوب هونيكا اشتهار ؛

تحقيقات درخصوص پيمايش اور ماليت اور دعاوي كے اور صاحب كلكٹر كا حكم ؛

قبضه كرلينا ؛

[قيمت في نسخه - دو آنه - تين پائي]

حصه - ۳ ‘

عدالت سے استصواب اور اوسکی بابت ضابطه ‘

حصه - ۴ ‘

تقسیم معاوضه ‘

حصه - ۵ ‘

ادا ‘

حصه - ۶ ‘

چند روزه قبضه اراضی ‘

حصه - ۷ ‘

حصول اراضی واسطے کمپنیون کے ‘

دفعات

حصه ۔ ۸ ‘

متفرقات ‘

ايكت نمبر ١ - مصدرهٔ سنه ١٨٩٤ ع '

جاري كيا هوا جناب نواب گورنر جنرل بهادر هند باجلاس كونسل كا '

(٢ - فبروري سنه ١٨٩٤ ع كو جناب محتشم اليه نے اس ايكت كو منظور فرمايا)

ايكت بمراد ترميم كرنے آئين كے واسطے حصول اراضي كے سركاري كامون اور كمپنيونكے ليئے '

چونكه قرين مصلحت هى كه آئين بمراد حاصل كرنے اون اراضي كے جو سركاري كامون اور كمپنيون كے ليئے دركار هى اور بمراد تهہرا دينے اوس زر معارضه كے جو اراضي مذكور كے حاصل كرنے كے بدلے مين ديا جاے - يكجا هوكر معرض ترميم مين آئين - لهذا اس ايكت كي رو سے حسب ذيل احكام صادر هوئے '

حصه - ١ '

مضامين ابتدائي '

دفعه ١ — (١) — يهه ايكت بنام - ايكت مجريهٔ سنه ١٨٩٤ ع بابت حصول اراضي - مسمي هوسكتا هى '

مختصر نام اور وسعت و شروع نفاذ '

(٢) — يهه ايكت تمام برٹش انڈيا مين وسعت پذير هوگا — اور

(٣) — اور يكم مارچ سنه ١٨٩٤ ع كو نافذالعمل هوگا '

دفعه ٢ — (١) — ايكت مجريهٔ سنه ١٨٧٠ ع بابت حصول اراضي - اور عدالت‌هاے پنجاب كے ايكت مجريهٔ سنه ١٨٨٤ع كي دفعه ٧٤ اس ايكت كي رو سے منسوخ هوئي ' ايكت ١٠ سنه ١٨٧٠ ع ' ايكت ١٨ ١٨٨٤ع '

منسوخي '

(٢) — ايكت بابت حصول اراضي مذكور كي رو سے جتني كارروائيان كه شروع هوئي هون اور جتنے عهده‌دار كه مقرر هوئے يا اختيار دئے گئے هون اور جتنے اقرارات كه چهپكر مشتهر هوئے هون اور جتنے قواعد كه وضع كيئے گئے هون وه جهان تك هوسكے بالتناسب يون سمجهے جائينگے كه اس ايكت كي رو سے شروع هوئي هين اور مقرر هوئے هين يا اختيار ديئے گئے هين اور چهپكر مشتهر هوئے هين اور وضع كيئے گئے هين '

(٣) — هر حكم قانون يا دستاويز جسكا ايكت بابت حصول اراضي مذكور يا كسي ايسے حكم قانون كي طرف حواله هى جو اوس ايكت كي رو سے منسوخ هوگيا هى اوسكا - جهان تك هوسكے - اس ايكت يا اسكے جزو مترادف كي طرف حواله هونا سمجها جائيگا '

دفعه ٣ — اس ايكت مين - تاوقتيكه كوئي شي مضمون يا قرينهٔ عبارت مين نقيض نهو —

تعريفات '

(الف) — لفظ " اراضي " مين وه منافع جو اراضي سے حاصل هون اور وه اشيا جو زمين سے پيوسته هون يا وه اشيا داخل هين جو ايسي شي سے هميشه كے ليئے لگي هوئي رهين جو زمين سے پيوسته هو — اور

(ب) — الفاظ " شخص حقیت‌دار " مین جمله وہ اشخاص داخل هین جو اوس زرمعارضه کے حق کے دعوي‌دار هون جو بوجه حصول اراضي بموجب اس ایکٹ کے دیا جاے اور کسي شخص کا اراضي مین حقیت‌دار هونا اوس صورت مین متصور هوگا که اگر وہ کسي حق آسایش متعلق اراضي مین حقیت رکھے — اور

(ج) — الفاظ " صاحب کلکٹر " سے صاحب کلکٹر ضلع مراد هین - اور اون الفاظ مین صاحب ڈیپوٹي کمیشنر اور هرایک ایسا عهده‌دار داخل هی جو اس ایکٹ کے تحت مین لوازم خدمت کلکٹري کي انجام دهي کے لیئے خاصةً لوکل گورنمنٹ کي طرف سے مقرر هو — اور

(د) — لفظ " عدالت " سے اعلی عدالت دیواني صیغهٔ مرافعهٔ اولی مراد هی اِلا اوس حال مین که لوکل گورنمنٹ (مطابق اوس اختیار کے جو ایکٹ هذا کي رو سے اوسے بخشا جاتا هی) کسي معین علاقهٔ مقامي کے اندر اس ایکٹ کے بموجب لوازم خدمت عدالت کے انجام کے لیئے کسي خاص عهده‌دار صیغهٔ جوڈیشیئل کو مقرر کرے — اور

(ه) — لفظ " کمپني " سے وہ کمپني مراد هی جسکي رجسٹري ایکٹ مجریهٔ سنه ۱۸۸۲ ع ایکٹ ۲ سنه ۱۸۸۲ ع ٔ متعلق کمپني‌هاے هند کي رو سے یا سنه ۱۸۶۲ ع سے سنه ۱۸۹۰ ع تک کي کمپنیون کے ایکٹ (مجریهٔ انگلستان) کي رو سے هوئي هو یا جو پارلیمنٹ کے یا جناب نواب گورنر جنرل بهادر باجلاس کونسل کے کسي ایکٹ کے بموجب یا رائل چارٹر (فرمان شاهي) یا لیٹرس پیٹنٹ (سند تقرر) کے بموجب جماعت سندیافته هو — اور

(و) — الفاظ " سرکاري کام " مین اون اصلاع مین گانون کي آبادیون کا بندوبست کرنا شامل هی جهان لوکل گورنمنٹ نے بذریعهٔ اشتهار منطبعهٔ گزٹ سرکاري کے یهه اعلان کیا هو که ویسے بندوبست کا کرنا گورنمنٹ کے دستور کے موافق هی — اور

(ز) — مرقوم‌الذیل اشخاص " مستحق کارگذاري " بموجب اوسکے اور اوس حد تک که جو سطور مابعد مین مرقوم هی متصور هونگے - (یعنی) —

ٹرسٹیز (اُمنا) اون دیگر اشخاص کے جو منفعت‌یابي کے حقدار هون کسي ویسے مقدمه کے متعلق وهان تک مستحق کارگذاري سمجھے جائینگے جهان تک که اشخاص حقدار منفعت یابي مذکور ناقابل نهونے کي صورت مین کارگذاري کے مستحق هوسکتے ٔ اور

بیاهي عورت اون صورتون مین جنمین قانون انگریزي تعلق پذیر هی وهان تک مستحق کارگذاري حسب مذکور بالا متصور هوگي - خواہ سن بلوغ کو پهنچي هو یا نه پهنچي هو - جهان تک که وہ ناکتخدا رهنے اور بالغه هونے کي تقدیر مین کارگذار هو سکتي — اور

نابالغون کے اولیا اور مجانین یا اشخاص فاترالعقل کي مهتمم کمیٹیون یا منتظمون کو بالتناسب وهان تک مستحق کارگذاري حسب مذکور بالا تصور کیا جائیگا جهان تک که نابالغان یا مجانین یا اشخاص فاترالعقل مذکور ناقابل نهونے کي صورت مین خود کارگذار هوسکتے ٔ

مگر شرط یهه هی که —

(اول) — کوئي ایسا شخص " مستحق کارگذاري " سمجها نهین جائیگا جسکي نسبت به تشفي صاحب کلکٹر یا عدالت یهه دکهایا جاے که اوسکا حق شي زیر دعوی مین اوس شخص حقیت‌دار کے حق کا مخالف هی جسکي طرف سے وه اور صورت مین کارگذار هونے کا مستحق هوسکتا —

(دوم) — اور یهه که ویسے هرایک مقدمه مین شخص حقیت‌دار بذریعه اپنے رفیق اقرب کے حاضر هوسکتا هی - یا اگر وه بذریعه اپنے رفیق اقرب کے حاضر نهو تو صاحب کلکٹر یا عدالت کو یعنے جیسي صورت هو یهه لازم هوگا که اوس مقدمه مین اوسکي طرف سے اوسکے چلانے کے لیئے ایک ولي مقرر کرے —

(سوم) — اور یهه که مجموعهٔ ضابطهٔ دیواني کے باب ۳۱ کے احکام ایکٹ هذا کے تحت کي کارروائي مین اون اشخاص حقیت‌دار کے مقدمه سے حسب تبدیل مناسب مقام تعلق رکهینگے جو کسي صاحب کلکٹر یا عدالت کے روبرو بذریعه کسي رفیق اقرب کے یا ولي متعلق مقدمه کے حاضر هون — ایکٹ ۱۴ سنه ۱۸۸۲ ع'

(چهارم) — اور یهه که کوئي شخص " مستحق کارگذاري " اوس زر معاوضه کے - جو اوس شخص کو واجب‌الادا هی جسکي طرف سے وه مستحق کارگذاري هی - پانے کے لائق نهوگا اِلا اوس صورت مین که وه فروخت بالعمد هونے پر اراضي کے منتقل کرنے کا اور زر ثمن کے لینے اور اوسکي بابت معتبر فارغ‌خطي لکهه دینے کا مجاز هوسکتا '

حصه - ۲ '

حصول اراضی '

تحقیقات ابتدائی '

دفعه ۴ — (۱) — هرگاه لوکل گورنمنت کو معلوم هو که کسي جگهه واسطے کسي سرکاري کام کے اراضي کے درکار هونے کا احتمال هی تو ایک اشتهار اوس مضمون کا سرکاري گزٹ مین چهاپکر مشتهر کیا جائیگا اور صاحب کلکٹر اوس جگهه کے مقامات مناسب مین اشتهار مذکور کے مضمون کي اطلاع عام دلوائینگے '

اشتهار ابتدائي کا چهاپکر مشتهر کرنا اور بربنیاد اوسکے عهده‌دارون کے اختیارات '

(۲) — بعدازان هر ایسے عهده‌دار کو جو خواه عموماً یا خاصةً اس بارے مین گورنمنت موصوف کي طرف سے مجاز هو اور اوسکے ملازمون اور مزدورون کو جائز هوگا —

که ویسي جگهه کي کسي اراضي مین داخل هوکر اوسکي پیمایش اور نشیب و فراز دریافت کرین اور زمین کو کهودین - یا نیچے کي زمین مین سوراخ کرین '

اور ایسے اور اور کام بهي کرین جو واسطے دریافت کرنے اس امر کے که آیا اراضي مذکور مفیدمطلب هی یا نهین ضرور هون '

اور اوس اراضي کي حدود کو جسکے لینے کي تجویز هوئي هو اور اگر اوس اراضي پر کچهه تعمیر وغیره کرنا تجویز هو تو اوسکے خط مقصود کو مقرر کردین '

اور اون سب نشیب و فراز اور حدود اور خط کي نشان‌بندي - نشانات نصب کرکے اور کهائیان کهود کر - قائم کردین '

اور جهان کهین اور طرحپر پیمایش پوري اور نشیب و فراز دریافت اور سرحد اور خط کي نشان بندي نهوسکے تو کسي جزوٴ فصل ایستاده یا ٹٹي یا جنگل کو کاٹ کر صاف کردین '

مگر شرط یهه هی که جبتک که دخیلکار کو کم سے کم ۷ سات روز پیشتر اطلاع تحریري اپنے داخل هونے کے اراده کي ندي جاے کوئي شخص کسي عمارت یا کسي گهیرے هوئے صحن یا باغ متعلق مکان مسکونه کے اندر داخل نهین هوسکیگا (اِلا باجازت اوسکے دخیلکار کے) '

خساره کي بابت زر معاوضه کا ادا کرنا '

دفعه ۵ — عهده‌دار مجاز حسب مذکور بالا کو لازم هوگا که اوسطرحپر داخل هوتے وقت جمله خسارهٔ ضروري کي بابت جو حسب مذکور بالا وقوع مین آنے والے هون زر معاوضه ادا کرے یا ادا کرنے کے لیئے پیش کرے - اور برتقدیر نزاع درخصوص کافي هونے اوس مبلغ زر کے جو اوسطرح دیا جاے یا دینے کے لیئے پیش کیا جاے عهده‌دار موصوف فی‌الفور نزاع مذکور کو فیصله کے لیئے صاحب کلکٹر یا اور اعلی عهده‌دار مال کے تفویض کریگے - اور فیصله مذکور ناطق هوگا '

حصول اراضي کے مطلوب هونے کا اشتهار '

یهه اشتهار که فلان اراضي سرکاري کام کے لیئے مطلوب هی '

دفعه ۶ — (۱) — اس ایکٹ کے حصه ۷ کے احکام کو ملحوظ رکهکر هرگاه لوکل گورنمنت پر یهه واضح هو که فلان خاص اراضي کسي سرکاري کام یا کسي کمپني کے لیئے درکار هی تو ایک اشتهار اوس مضمون کا به ثبت دستخط کسي صاحب سکریٹري گورنمنت موصوف یا کسي ایسے عهده‌دار کے جو گورنمنت موصوف کے احکام کي تصدیق کرنے کا حسب ضابطه مقتدر هو - مشتهر کیا جائیگا '

مگر شرط یهه هی که کوئي ویسا اشتهار نه دیا جاے اِلا اوس حال مین که وه زر معاوضه جو بابت اوس جایداد کے دلائے جانے کو هو کمپني کي طرف سے یا کلاً یا جزءً سرکاري خزانه سے یا کسي تحویل سے جو کسي حاکم مقامي کے زیر ضبط و نگراني یا زیر اهتمام هو - ادا کیئے جانے کو هو '

(۲) — اشتهار مذکور سرکاري گزٹ مین چهپکر مشتهر هوگا اور اوسمین اوس ضلع کي یا اور قسمت ملکي کي جهان اراضي مذکور واقع هو اور اوس غرض کي جسکے لیئے وه درکار هی اور اوسکے رقبهٔ تخمیني کي اور اراضي مذکور کا کوئي نقشه تیار هونے کي صورت مین اوس مقام کي جهان ویسے نقشه کا معائنه هوسکتا هی - تصریح رهیگي '

(۳) — اشتهار مذکور ثبوت قطعي اس امر کا هوگا که اراضي مذکور سرکاري کام یا کسي کمپني کے لیئے - یعنے جیسي صورت هو - درکار هی اور ویسے اشتهار کے صادر کرنے کے بعد لوکل گورنمنت اراضي مذکور کو نیچے لکهے هوئے طریقے پر حاصل کرسکتي هی '

بعد اشتهار صاحب کلکٹر حصول اراضي کي پیروي شروع کرین '

دفعه ۷ — جبکه حسب مذکور بالا کسي اراضي کي نسبت یهه اشتهار هوچکا هو که اراضي مذکور کسي سرکاري کام یا کمپني کے لیئے درکار هی تو لوکل گورنمنت یا کوئي عهده‌دار جو ازطرف گورنمنت موصوف اوس بارے مین مجاز هو صاحب کلکٹر کو هدایت اس امر کي کریگا که اراضي مذکور کے حصول کي پیروي شروع کرین '

اراضي کي نشان‌بندي اور پیمایش هوگي اور نقشه بنیگا '

دفعه ۸ — بربنیاد هدایت مذکور کے صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که اراضي مذکور کي (اگر اوسکي نشان‌بندي تحت دفعه ۴ نهوچکي هو) نشان‌بندي اور نیز اوسکي پیمایش کرائین - اور (اگر کوئي نقشه بنایا نگیا هو تو) اوسکا ایک نقشه بنوالین '

دفعه ۹ — (۱) — بعدازان صاحب کلکٹر ايک اطلاع عام ايسے مقامات مناسب مين جو حاصل کي جانےوالي اراضي پر يا اوسکے متصل هون به تصريح اس بات کے دلوائينگے که گورنمنٹ کو اراضي مذکور کا قبضه کرلينا منظور هی اور يهه که اوس اراضي مين جتنے حقوق هون اونکي بابت دعاوي معارضه صاحب موصوف کے آگے پيش کيئے جاسکتے هين ٭

اشخاص حقيت‌دار کو اطلاع ٭

(۲) — اطلاعنامه مذکور مين اوس اراضي کے حالات کي تصريح رهيگي جسکي حسب مذکور بالا ضرورت هو اور اوسمين جمله اون اشخاص پر جو اراضي مذکور مين حقيت رکهتے هون حکم اس امر کا رهيگا که وه اصالتاً يا بذريعه مختار اوس وقت اور اوس مقام پر جو اطلاعنامه مذکور مين مندرج رهينگے (مگر وه وقت اطلاعنامه مذکور کے مشتهر هونے کي تاريخ کے بعد سے پندره روز سے پيشتر نهو) بحضور صاحب کلکٹر حاضر هون اور اپني اپني حقيت کي نوعيت کي جو اراضي مذکور مين هو اور اون حقيتون کي بابت اپنے دعاوي معارضه کي تعداد اور کيفيتون کو اور جو پيمايشين حسب دفعه ۸ هوئي هون اونکي نسبت اپنے اپنے اعتراضات (اگر کچهه هون) بيان کرين - اور صاحب کلکٹر هر صورت مين يهه حکم کرسکتے هين که وه بيان بذريعه تحرير کے هو اور اوسپر فريق کے يا اوسکے مختار کے دستخط ثبت رهين ٭

(۳) — نيز صاحب کلکٹر اوسي مضمون کي ايک اطلاع ويسي اراضي کے قابض پر (اگر کوئي هو) اور جمله ايسے اشخاص پر جو اراضي مذکور مين حقيت‌دار معلوم هون يا باور کيئے گئے هون يا جو اشخاص حقيت‌دار حسب مذکور بالا کي طرف سے کارگذار هونے کے مستحق هون اور اوس ضلع مالي مين جهان اراضي واقع هی رهتے هون يا ايسے کارندے رکهتے هون جو اونکي طرف سے ضلع مذکور مين کاغذات تعميل شدني کے لينے کے ليئے اختيار يافته هون - جاري کرين ٭

(۴) — جس صورت مين کوئي شخص حقيت‌دار حسب مذکور بالا اور کهين رهتا هو اور اوسکا کوئي ويسا کارنده نهو تو اطلاع مذکور ايک خط کے اندر جو اوسکي سب سے پچهلي دريافت کي هوئي جاے سکونت يا پتا يا مقام کاروبار کے نشان پر هو اور هند کے ڈاکخانه کے ايکٹ مصدرهٔ سنه ۱۸۶۶ ع کے حصه ۳ کي رو سے رجسٹري کيا هوا هو - اوسکے پاس بسبيل ڈاک بهيجدي جائيگي ٭

ايکٹ ۱۴ سنه ۱۸۶۶ ع ٭

دفعه ۱۰ — (۱) — نيز صاحب کلکٹر هر ويسے شخص سے يهه طلب کرسکتے هين که وه ايک بيان جسمين حتي‌الامکان نام هرايک شخص ديگر کا مندرج رهے جو اراضي مذکور مين يا کسي جزو مين اوسکے به حيثيت مالک شريک يا مالک شکمي يا مرتهن يا رعيت کے يا کسي اور حيثيت سے حقيت‌دار هو - اور حقيت مذکور کي نوعيت کا اور زر لگان اور منافع کا ايک بيان - بشرطيکه کچهه اوس وجه سے بابت تين سال ماقبل تاريخ بيان مذکور کے وصول هوا هو يا قابل‌الوصول هو - اوس وقت اور اوس مقام مين جو مصرح رهے - تيار کرے يا صاحب موصوف کے حواله کرے (مگر وه وقت مطالبه‌مذکور کي تاريخ کے بعد سے پندره روز سے پيشتر نهو) ٭

اختيار درخصوص طلب کرنے اور جبراً تيار کرانے بيانات متعلق نامون اور حقيتون کے ٭

(۲) — هر ايسے شخص کي نسبت جسپر تحت دفعهٔ هذا يا دفعه ۵ کوئي بيان تيار يا حواله کرنے کا حکم هو يهه متصور هوگا که وه حسب منشاے دفعات ۱۷۵ اور ۱۷۶ مجموعهٔ قوانين تعزيرات هند کے ويسا کرنے کا قانوناً پابند هی ٭

ايکٹ ۴۵ سنه ۱۸۶۰ ع ٭

تحقیقات در خصوص پیمایش اور مالیت اور دعاوی کے اور صاحب کلکٹر کا حکم

تحقیقات اور حکم صاحب کلکٹر کي طرف سے ؛

دفعه ۱۱ — اوس روز جو حسب بیان مذکور بالا مقرر هوا هو یا کوئي اور روز که جس روز پر تحقیقات ملتوي رهے صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که اون عذرات کي (اگر کچهه هون) جو کسي شخص حقیت دار نے بموجب اوس اطلاعنامه کے جو تحت دفعه ۹ جاري کیا گیا هو اون پیمایشون کي نسبت بیان کیئے هون جو حسب دفعه ۸ عمل مین آئي هون - اور نیز مالیت اراضي کي اور اون اشخاص کي حقیتون کي تحقیقات کرین جو زر معاوضه کے دعویدار هون - اور ایک حکم بدستخط اپنے درخصوص امور ذیل کے صادر کرین —

(۱) — اراضي کے صحیح رقبه کي نسبت — اور

(۲) — اوس زر معاوضه کي نسبت جو صاحب موصوف کي راے مین اراضي کي بابت دلانا چاهیئے — اور

(۳) — زر معاوضه مذکور کي تقسیم کي بابت اون تمام اشخاص کے درمیان جنکا اراضي مین حقیت دار هونا معلوم هو یا باور کیا جاتا هو - یعنے جنکي نسبت یا جنکے دعاوي کي نسبت صاحب موصوف کو خبر هوئي هو عام اس بات سے که وه لوگ بالتناسب اونکے روبرو حاضر هوئے هون یا نهوئے هون ؛

صاحب کلکٹر کا حکم کب ناطق هوگا ؛

دفعه ۱۲ — (۱) — حکم مذکور صاحب کلکٹر کے دفتر مین داخل رهیگا اور باستثنا اوسکے که جو سطور مابعد مین حکم کیا گیا هي فیمابین صاحب کلکٹر اور اشخاص حقیت دار کے - عام اس سے که وه بالتناسب صاحب کلکٹر کے روبرو حاضر هوئے هون یا نهوئے هون - اراضي کے صحیح رقبه اور مالیت کي نسبت اور اشخاص حقیت دار کے درمیان تقسیم زر معاوضه کي نسبت - ثبوت ناطق اور قطعی هوگا ؛

(۲) — صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که اپنے حکم کي اطلاع فوراً اون اشخاص حقیت دار کو دین جو حکم مذکور صادر هوتے وقت اصالة یا بذریعه مختار کے حاضر نهوئے هون ؛

تحقیقات کا ملتوي رهنا ؛

دفعه ۱۳ — صاحب کلکٹر کو اختیار هوگا که کسي وجه سے جو وه مناسب سمجهین تحقیقات مذکور کو کسي روز پر جو وه مقرر کردین - وقتاً فوقتاً ملتوي رکهین ؛

اختیار دربارهٔ طلب کرنے اور جبراً حاضر کرانے گواهونکے اور پیش کرانے دستاویزات کے ؛

دفعه ۱۴ — بغرض تحقیقات ایکٹ هذا تحت کے صاحب کلکٹر کو اختیار هوگا که اوسي ذریعه ایکٹ ۱۴ سنه ۱۸۸۲ ع سے اور (جهان تک هوسکے) اوسي طریقه پر جو حسب مجموعهٔ ضابطهٔ دیواني کسي عدالت دیواني کي صورت مین مقرر هي - گواهون کو بشمول فریقین حقیت دار کے یا اونمین سے کسی کے طلب کرین اور اونکو جبراً حاضر کرائین اور دستاویزات کي پیشي کے لیئے جبر کرین ؛

کن معاملات پر غور کرنا اور کن معاملات کي طرف التفات نه کرنا چاهیئے ؛

دفعه ۱۵ — زر معاوضه کے ٹههراتے وقت صاحب کلکٹر اون احکام کي پیروي کرینگے جو دفعات ۲۳ و ۲۴ مین مندرج هین ؛

قبضه کر لينا ‘

دفعه ١٦ — جب صاحب کلکٹر کوئي حکم تحت دفعه ۱۱ صادر کرين تو اونکو اختيار هوگا که اراضي پر قبضه کرلين اور اراضي مذکور اوسيوقت سے جمله ديون سے مبرّا هوکر گورنمنٹ کي ملک قطعي هوجائيگي ‘

قبضه کرلينے کا اختيار ‘

دفعه ۱۷ — (۱) - ضرورت کي حالت مين اگر لوکل گورنمنٹ هدايت کرے تو صاحب کلکٹر کو گو کوئي ويسا حکم صادر نکيا گيا هو - اختيار هوگا که اوس اطلاعنامه کے مشتهر هونے کي تاريخ سے جو دفعه ۹ کي دفعه ماتحتي (۱) مين مذکور هی - پندره روز گذر جانے پر کسي افتاده يا قابل زراعت اراضي پر جو واسطے سرکاري کام کے يا کسي کمپني کے ليئے درکار هو - قبضه کرلين - اور وه اراضي اوس وقت سے جمله ديون سے مبرّا هوکر سرکار کي ملک قطعي هو جائيگي ‘

ضرورت کي صورتون مين قبضه کرلينے کا اختيار ‘

(۲) — جب کبهي کسي درياے قابل جهاز راني کي نالي مين کسي تغير اتفاقي کے وقوع مين آنے يا کسي اور واقعهٔ ناگهاني کے باعث کسي ريلوے کے منتظمون کو اپنے علاقه کي آمدورفت کے برقرار رکهنے کے ليئے يا دريا کے کنارے اسٹيشن يا گهاٹ اسٹيشن بنانے يا کسي ويسے اسٹيشن کے ساتهه سهولت کے ليئے تعلق جاري کرنے يا ويسے اسٹيشن تک سهولت کے ساتهه پهنچنے کا بندوبست کرنے کي غرض سے اراضي پر قبضه حاصل کرنے کي فوراً ضرورت هو تو صاحب کلکٹر کو اختيار هوگا که اطلاعنامهٔ متذکرهٔ دفعهٔ ماتحتي (۱) کے مشتهر هونے کے بعد هي لوکل گورنمنٹ کي منظوري پيشتر حاصل کرکے اراضي مذکور پر داخل هوکر قبضه کرلين اور وه اراضي اوس وقت سے جمله ديون سے مبرّا هوکر سرکار کي ملک قطعي هو جائيگي ‘

مگر شرط يهه هی که صاحب کلکٹر کسي عمارت يا جزؤ عمارت پر اس دفعهٔ ماتحتي کے بموجب قبضه نکرلين جبتک که اوس عمارت يا جزؤ عمارت کے قابض کو کم سے کم اڑتاليس گهنٹے پيشتر اپنے اوس ارادے کي اطلاع يا اوسقدر زايد عرصه کي اطلاع ندےلين جو اس امر کے ليئے بطور معقول کافي هو که قابض مذکور اپنے مال منقوله کو اوس عمارت سے بدون تکليف غيرضروري کے اوٹها ليجا سکے ‘

(۳) — اوپر کي دو دفعات ماتحتي مين سے کسي ايک دفعه کے متعلق هرايک صورت مين صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که قبضه کرتے وقت اشخاص حقيتدار کو اراضي پر کي فصل ايستاده اور درختون کي بابت (اگر کچهه هون) اور کسي آور هرجه کي بابت جو اون اشخاص کا بوجه ويسي يکايک بے دخلي کے هوا هو اور دفعه ۲۴ مين مستثني نکيا گيا هو زر معارضه دينے کے ليئے پيش کرين اور اگر زر معارضه مذکور قبول نه کيا جاے - تو ويسي فصل اور درختون کي قيمت اوردیگر ويسے هرجه کا روپيه اراضي کے اوس زر معارضه کا حکم صادر کرتے وقت دلايا جائيگا جو احکام مندرجهٔ ايکٹ هذا کي رو سے دلايا جاے ‘

حصه - ۳ ‘

عدالت سے استصواب اور اوسکي بابت ضابطه ‘

دفعه ۱۸ — (۱) — هر شخص حقيتدار جسنے حکم مذکور قبول نکيا هو صاحب کلکٹر کے حضور درخواست تحريري گذرانکر مستدعي اس بات کا هوسکتا هی که صاحب موصوف اوس معامله کو واسطے تجويز کے عدالت کے سپرد کرے عام اس سے

عدالت سے استصواب ‘

که اوسکي عذرداري پیمایش اراضي کي نسبت هو یاتعداد زرمعارضه کي نسبت یا ون اشخاص کي نسبت جنکو وه واجب‌الادا هی یا اشخاص حقیت دار کے درمیان تقسیم معارضه کي نسبت ،

(۲) — درخواست مین ون وجوهات کا بیان رهیگا جنکي بناپر حکم مذکور کي نسبت عذرداري کي جاے ،

مگر شرط یهه هی که هر ایک ویسي درخواست میعاد مرقوم‌الذیل کے اندر گذراني جاے —

(الف) — اگر درخواست کرنے والا اوس وقت که جب صاحب کلکٹر نے اپنا حکم صادر کیا تها صاحب موصوف کے روبرو اصالةً یا بذریعه مختار کے حاضر تها تو - صاحب کلکٹر کے حکم کي تاریخ سے چهه هفتے کے اندر ،

(ب) — دیگر صورتون مین دفعه ۱۲ کي دفعه ماتحتي (۲) کي رو سے از طرف صاحب کلکٹر اطلاعنامه پانے کي تاریخ سے چهه هفتے کے اندر - یا حکم صاحب کلکٹر کي تاریخ سے چهه مهینے کے اندر - یعنے انمین سے جو مدت پہلے منقضي هوجاے ،

صاحب کلکٹر کا بیان بحضور عدالت ،

دفعه ۱۹ — (۱) — استصواب کرتے وقت صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که عدالت کي آگاهي کے لیئے ایک بیان امور ذیل کا اپنے دستخط سے تحریر کرین —

(الف) — اراضي کے موقع اور وسعت کا مع تفصیل درختون یا عمارتون یا ایستاده فصلون کے جو اوسپر هون — اور

(ب) — ون اشخاص کے نام کا جنکو وه وجه کے ساتهه سمجهتے هون که اوس اراضي مین حقیت رکهتے هیں — اور

(ج) — اوس تعداد زر کا جسکے دیئے جانے کا دفعات ۵ - اور - ۱۷ کے بموجب یا انمین سے کسي کے بموجب حکم هو - اور اوس تعداد زر معارضه کا جسکے دیئے جانے کا تحت دفعه ۱۱ حکم هو — اور

(د) — اگر تعداد زر معارضه کي نسبت عذرداري هو - تو ون وجوهات کا جنکي بناپر تعداد زر معارضه تجویز کي گئي تهي ،

(۲) — بیان مذکور کے ساتهه ایک ضمیمه رها کریگا جسمین تفصیل ون اطلاعنامجات کي جو اشخاص حقیت‌دار کو پهنچائے گئے تهے اور ون بیانات تحریري کي رهیگي جو اشخاص مذکور نے تیار کرکے حواله کیئے تهے ،

اجراے اطلاعنامه ،

دفعه ۲۰ — بعد ازان عدالت کو لازم هوگا که ایک اطلاعنامه جسمین وه روز لکها رهے که جس روز عدالت عذرداري کي تجویز شروع کریگي اور جسمین یهه هدایت رهے که اشخاص مرقوم الذیل اوس روز عدالت مین حاضر آئین - اشخاص مرقوم الذیل کے نام جاري کراے - یعنے —

(الف) — درخواست کننده کے نام پر — اور

(ب) — ون جمله اشخاص کے نام پر جو عذرداري سے غرض رکهتے هون - اِلا اگر ون اشخاص مین سے ایسے لوگ هون جو بلا عذر معاوضهٔ حکم شده کے لینے پر راضي هوئے هون تو اونکے نام پر نهین — اور

(ج) — اگر رقبهٔ اراضي یا تعداد زر معاوضه کي نسبت عذرداري هو تو صاحب کلکٹر کے نام پر ،

دفعه ۲۱ — هر ایک ریسے مقدمه مین تحقیقات کي وسعت اون اشخاص کي حقیتون کي مقدمون کي وسعت کي قید ' تجویز پر محدود و مقصور هوگي جنکو اوس عذرداري کا اثر پهنچا هو '

دفعه ۲۲ — هرایک ریسا مقدمه کهلي عدالت مین هوا کریگا اور جمله اشخاص جو اوس صوبه کهلي عدالت مین مقدمات هونگے ' کي کسي عدالت ديواني مين سوال و جواب کرنے کے مستحق هين وه ریسے مقدمه مين حاضر هونے اور سوال و جواب کرنے اور کارگذار هونے کے (یعني جیسي که صورت هو) مستحق هونگے '

دفعه ۲۳ — اوس زرمعاوضه کي تعداد کے تهہرانے وقت جو اِس ایکٹ کي رو سے حاصل کي هوئي وه امور جنپر زرمعاوضه کے تهہرانے وقت غور و تامل کیاجائیگا ' اراضي کے لیئے دلایا جائیگا عدالت امور مرقوم الذیل پر غورو تامل کریگي —

پہلا — اوس تاریخ کي قیمت بازار اراضي پر که جس تاریخ مین اوسکے متعلق اشتهار حسب دفعه ۶ چهپکر مشتهر هوا تها — اور

دوسرا — اوس هرجه پر جو شخص حقیت دار کو بوجه لے لینے کسي ایسي ایستاده فصلون یا درختون کے جو صاحب کلکٹر کے اراضي پر قبضه کرلیتے وقت اوسپر موجود تهے - سهنا پڑا هو — اور

تیسرا — هرجه پر — اگر شخص حقیت دار کو اراضي مذکور پر صاحب کلکٹر کے قبضه کرلیتے وقت - بوجه اوسکي اور اراضي سے اراضي مذکور کے علیحده هوجانے کے - کچهه سهنا پڑا هو — اور

چوتها — هرجه پر — اگر شخص حقیت دار کو اراضي مذکور پر صاحب کلکٹر کے قبضه کرلیتے وقت بوجه اسکے که حصول اراضي سے اوسکي اور جایداد کو - منقوله هو یا غیرمنقوله کسي اور طریق پر یا اوسکي کمائي مین نقصان پهنچا هو - کچهه سهنا پڑا هو — اور

پانچوان — اگر بوجه حصول اراضي بذریعهٔ کلکٹر کے - شخص حقیت دار کو بمجبوري اپنا مکان سکونت یا مقام کاروبار بدلنا پڑے - تو اوس تبدیل کے متعلق اخراجات معقول پر (اگر کچهه هون) '

چهٹا — هرجه پر — اگر اوس وقت سے که جب اشتهار حسب دفعه ۶ چهپکر مشتهر هوا تها اوس وقت تک کے درمیان که جب صاحب کلکٹر نے اراضي پر قبضه اراضي - کرلیا تها مذکور کے منافع مین کمي هوجانے کے باعث واقعي کچهه هرجه هوا هو '

(۲) — اراضي کي اوس قیمت بازار کے علاوه جسکا اوپر حکم مندرج هوچکا عدالت کو لازم هوگا که هرایک صورت مین حصول اراضي کے جابرانه طور پر لحاظ کرکے قیمت بازار مذکور پر سیکڑا پندره روپے کے حساب سے ایک مبلغ زر دلاین '

دفعه ۲۴ — لیکن عدالت امور مرقوم الذیل پر لحاظ نکریگي '

وه امور جو زرمعاوضه کے تهہرانے وقت نظر انداز کیئے جائینگے '

پہلا — ضرورت کے اوس درجه پر جسکي وجه سے اراضي حاصل کرني پڑي — یا

دوسرا — شخص حقیت دار کي کسي نارضامندي پر درباره جدا کرنے اوس اراضي کے جو حاصل کي گئي هو — یا

تیسرا — اوسکے کسي ایسے هرجه پر جو کسي شخص غیر سرکار کي طرف سے وقوع مین نے کي تقدیر مین شخص مذکور کو مستوجب نالش نگرداتنا — یا

چوتھا — كسي ايسے هرجه پر جسكا اراضي حاصل كرده كو اشتهار تحت دفعه ٩ كے چھپكر مشتهر هونے كي تاريخ كے بعد بذريعه يا بوجه اوس استعمال كے كه جس استعمال مين اراضي مذكور لائي جائيگي - پهنچنا محتمل هو — يا

پانچوان — حاصل كي هوئي اراضي كي ماليت كے كسي ايسے اضافه پر جسكا اوس استعمال سے حاصل هونا محتمل هو كه جس استعمال مين وه بعد حصول كے لائي جائيگي — يا

چهٹا — شخص حقيت‌دار كي اور اراضي كي ماليت كے كسي ايسے اضافه پر جسكا اوس استعمال سے حاصل هونا محتمل هو كه جس استعمال مين حاصل كي هوئي اراضي لائي جائيگي — يا

ساتوان — حاصل كي هوئي اراضي مين كسي ايسے صرف يا اصلاحات پر يا اراضي مذكور كے كسي ايسے انتظام پر جو بغير منظوري صاحب كلكٹر اشتهار تحت دفعه ٦ كے مشتهر هونے كي تاريخ كے بعد شروع هوا هو يا هوئي هون يا كيا گيا هو يا كي گئي هون يا وقوع مين آيا هو يا آئي هون ٭

دفعه ٢٥ — (١) — جبكه درخواست كننده نے بموجب كسي اطلاع كے جو حسب دفعه ٩ دي جاے معاوضه كا دعوي كيا هو تو وه مبلغ زر جو عدالت اوسے دلاے اوس مبلغ زر سے زياده نهوگا جسكا حسب مذكور بالا دعوي كيا گيا - يا اوس مبلغ زر سے كم نهوگا جو صاحب كلكٹر نے حسب دفعه ١١ دلايا هو ٭

تعـداد زر معاوضه كي بابت قواعد ٭

(٢) — جبكه درخواست كننده نے دعوي مذكور كے پيش كرنے سے انكار كيا هو يا بدون وجه كافي كے (جو صاحب جج منظور كرين) دعوي مذكور كے پيش كرنے سے وه قاصر رها هو تو وه مبلغ زر جو عدالت دلاے اوس مبلغ زر سے كسي حالت مين زياده نهوگا جو صاحب كلكٹر نے دلايا هو ٭

(٣) — جبكه درخواست كننده كسي وجه كافي كي بنا پر (جو صاحب جج منظور كرين) دعوي مذكور كے پيش كرنے سے قاصر رها هو تو وه مبلغ زر جو عدالت اوسے دلاے اوس مبلغ زر سے كم نهوگا جو صاحب كلكٹر نے دلايا هو اور اوس مبلغ زر سے زياده هوسكتا هي جو صاحب موصوف نے دلايا هو ٭

دفعه ٢٦ — هر ايك حكم جو اس حصه كے تحت مين صادر هو تحريري هوا كريگا اور اوسپر صاحب جج كے دستخط ثبت رهينگے اور اوسمين اوس مبلغ زر كي تصريح رهيگي جو دفعه ٢٣ كي دفعه ماتحتي (١) كي پهلي ضمن كي رو سے دلايا گيا هو اور اون مبالغ زر كي بهي (اگر كچهه هون) تصريح رهيگي جو اوسي دفعهٔ ماتحتي كي هر هر ديگر ضمن كي رو سے بالتناسب دلائے گئے هون اور هر هر مبلغ زر مذكور كے دلائے جانے كي وجوهات بهي مندرج رهينگي ٭

حكام كا نمونه ٭

دفعه ٢٧ — (١) — هر ايك ايسے حكم مين اوس خرچے كي تعداد جو مقدمات تحت حصهٔ هذا مين هوا هو اور يهه امر لكها رهيگا كه وه خرچه كن كن شخصون كو اور كس كس حصهٔ رسدي كے مطابق ادا كرنا پڑيگا ٭

خرچه ٭

(٢) — جب حكم مصدرهٔ صاحب كلكٹر بحال نرهے تو خرچه معمولاً صاحب كلكٹر كو ادا كرنا پڑيگا الا جبكه عدالت كي يهه راے هو كه درخواست كننده كا دعوي اسقدر حد سے زياده تها يا يهه كه اوسنے بحضور صاحب كلكٹر اپنے مقدمه كے پيش كرتے وقت اسقدر بےاحتياطي كي تهي كه اوسكے خرچه سے كچهه وضع كرنا يا يهه كه اوسكو صاحب كلكٹر كے خرچے كا ايك جزو ادا كرنا چاهيئے ٭

(حصه ۳ - عدالت سے استصواب اور اوسکي بابت ضابطه - دفعه ۲۸ - اور حصه ۴ - تقسيم معاوضه - دفعات ۲۹ و ۳۰ - اور حصه ۵ - ادا - دفعه ۳۱)

دفعه ۲۸ — اگر وہ مبلغ زر جو عدالت کي راے مين صاحب کلکٹر کو بطور زر معاوضه دلانا چاهيئے تها اوس مبلغ زر سے زياده هو جو صاحب کلکٹر نے بطور معاوضه دلايا هي - تو فيصلهٔ عدالت مين يهه هدايت هوسکتي هی که صاحب کلکٹر اوس تاريخ سے که جس تاريخ کو اونهون نے اراضي پر دخل حاصل کيا - اوس زياده روپي کے عدالت مين داخل کرنے کي تاريخ تک - اوس زياده روپيه پر سود بحساب سالانه چهه روپی سيکڑا کے - ادا کرين ۔

صاحب کلکٹر کو حکم هوسکتا هی که وہ زر معاوضهٔ زائد پر سود دين ۔

حصه - ۴ ۔

تقسيم معاوضه ۔

دفعه ۲۹ — جب متعدد اشخاص حقيت دار هون اور ويسے اشخاص تقسيم معاوضه پر متفق هون تو اوس تقسيم کی تفصيل حکم مذکور مين مصرح رهيگي اور فيمابين ويسے اشخاص کے حکم مذکور اوس تقسيم کے صحيح هونے کا ثبوت قطعي هوگا ۔

تقسيم کي تفصيل مصرح رهيگي ۔

دفعه ۳۰ — جب تعداد زر معاوضه کا حسب دفعه ۱۱ تصفيه هو گيا هو اور اوسکي يا اوسکے کسي جزو کي نسبت يا اس امر کي نسبت که کن اشخاص کو وہ معاوضه يا اوسکا کوئي جزؤ ديا جاے کوئي نزاع پيدا هو تو صاحب کلکٹر ويسي نزاع کو واسطے فيصله کے عدالت کے سپرد کر سکتے هين ۔

تقسيم کے بارے مين نزاع ۔

حصه - ۵ ۔

ادا ۔

دفعه ۳۱ — (۱) — حکم تحت دفعه ۱۱ صادر کرتے وقت صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که اون اشخاص حقيت دار کے پاس جو حکم مذکور کے مطابق زر معاوضه کے مستحق هون زر معاوضه مذکور جسکا صاحب موصوف نے حکم صادر کيا هو بغرض ادا پيش کرين اور اونکو دے دين الا جبکه اون اتفاقات مين سے جو اسکے بعد هي کي دفعه ماتحتي مين مصرح هين کسي ايک يا زياده اتفاق کی وجه سے وہ ويسا نکرسکين ۔

زر معاوضه کا ادا هو نا يا اوسکا عدالت مين جمع کرديا جانا ۔

(۲) — اگر وہ اشخاص اوسکے لينے کو راضي نهون - يا اگر کوئي ايسا شخص نهو جو اراضي کے منتقل کرنے کے قابل هو - يا اگر اوس معاوضه کے حق حصول کے بارے مين يا اوسکي تقسيم کے بارے مين کوئي نزاع هو تو صاحب کلکٹر اوس مبلغ زر معاوضه کو اوس عدالت مين جمع کرديگے جس سے حسب دفعه ۱۸ استصواب کيا جائيگا ۔

مگر شرط يهه هی که هر شخص جسکا حقيت دار هونا اقبال کيا جاے زر مذکور اس عذر کے ساتهه که مبلغ زر مذکور کے کافي هونے کي نسبت اوسے کلام هی - لے سکتا هی ۔

اور يهه بهي شرط هی که کوئي ايسا شخص جس نے مبلغ زر مذکور اور طرح پر بغير عذر کے لے ليا هو - کسی درخواست تحت دفعه ۱۸ کے گذراننے کا مستحق نهين هوگا ۔

اور یہہ بھی شرط ھی کہ کوئی مضمون اس ایکٹ کا کسی ایسے شخص کی ذمہ‌داری کی نسبت جو کسی زر معارضہ محکومۂ تحت ایکٹ ھذا کو کلاً یا جزء حاصل کرسکتا ھی دربارہ ادا کردینے زر مذکور کے اوس شخص کو جو قانوناً اوسکا مستحق ھو - مؤثر نہین ھوگا ؛

(۳) — بلا لحاظ کسی مضمون کے جو اس دفعہ مین مندرج ھی صاحب کلکٹر کو اختیار ھوگا کہ لوکل گورنمنٹ کی منظوری سے کسی اراضی کی بابت نقدی معارضہ ندلاکر کسی ایسے شخص کے ساتھہ جو ویسی اراضی مین ایک محدود حقیت رکھتا ھو کوئی بندوبست اسطرح پر کرین کہ مبادلہ‌مین آور اراضی عطا کی جاے یا ایسی آور اراضی کی مالگذاری معاف کردی جاے جو اوسی حق کی رو سے دخل مین ھو یا ایسے دیگر طریق پر کرین جو غرض رکھنے والے اشخاص کے حقوق پر لحاظ کرکے قرین انصاف ھو ؛

(۴) — اوپر کی اخیر دفعۂ ماتحتی کے کسی مضمون سے یہہ نہین سمجھا جائیگا کہ صاحب کلکٹر کے اس اختیار مین کہ کسی ایسے شخص کے ساتھہ بندوبست کرین جو اراضی مین حقیت‌دار ھو یا اراضی کی نسبت معاہدہ کرنے کا مجاز ھو - دست اندازی ھوگی یا وہ محدود کردیا جائیگا ؛

دفعہ ۳۲ — (۱) — اوپر کی اخیر دفعہ کی دفعہ ماتحتی (۲) کی رو سے اگر کوئی روپیہ عدالت مین جمع کردیا جاے اور یہہ معلوم ھو کہ وہ اراضی جسکی بابت وہ روپیہ دلایا گیا تھا کسی ایسے شخص کی ملک تھی جو اوسے منتقل کرنے کا اختیار نہین رکھتا تھا تو عدالت —

نفع کے لیئے اوس روپیہ کا لگانا جو اون اشخاص کی اراضی کی بابت جمع کردیا جاے جو منتقل کرنے کے مجاز نہون ؛

(الف) — یہہ حکم دیگی کہ وہ روپیہ اور اراضی کے خریدنے مین لگایا جاے اور یہہ اراضی ویسی ھی حقیت اور شرائط مالکیت کے بموجب دخل مین رھیگی کہ جس حقیت یا جن شرائط کے بموجب وہ اراضی دخل مین تھی جسکی بابت ویسا روپیہ جمع کردیا گیا تھا — یا

(ب) — اگر ویسا خرید کرنا فوراً نہوسکے تو ایسے سرکاری یا اور پسندیدہ کاغذات زر کفالت کے خریدنے مین لگایا جاے جو عدالت کی دانست مین مناسب ھو ؛

اور یہہ ہدایت کریگی کہ ویسے نفع کے لیئے لگائے ھوئے روپیہ سے جو سود اور محاصل ھون وہ اوس شخص یا اون شخصون کو دیئے جائین جو اوس وقت اراضی مذکور پر دخل پانے کے مستحق ھوتے - اور ویسے روپیے حسب مذکور بالا جمع رھینگے اور لگے رھینگے الا جبکہ وہ —

(اول) — ایسی دیگر اراضی کے خریدنے مین لگائے جائین جو اوپر مذکور ھوئی ھی — یا

(دوم) — ایسے شخص یا شخصون کو دیئے مین جو زر مذکور کے پورے مستحق ھوجائین ؛

(۲) — جمع کردیئے ھوئے روپیے کی جملہ صورتون مین جن سے یہہ دفعہ متعلق ھی عدالت یہہ حکم کریگی کہ امور مرقوم‌الذیل کا خرچہ جسمین اون کے متعلق جملہ مطالبات اور ا ۱ ۱- داخل ھین - صاحب کلکٹر ادا کرین — یعنی —

(الف) — نفع کے لئے لگائے ھوئے ایسے روپیے کا خرچہ جنکا ذکر اوپر کیا گیا ؛

(ب) — اون احکام کا خرچہ جو اون کاغذات زر کفالت کے سود یا آور محاصل کے ادا کرنے

کے لیئے جنکے اعتبار پر ویسے روپی اوس وقت نفع کے لیئے لگائے گئے هون - اور ان احکام کا خرچه جو عدالت سے ویسے روپی کے زر اصل کے دیئے جانے کے لیئے صادر کیئے جائین - اور انکے متعلق جمله کارروائیون کا خرچه بجز ان کارروائیون کے که جو مخالف دعویدارون کے درمیان بوجه نزاع عدالتي کے وقوع مین آئین ؛

نفع کے لیئے اوس روپیه کا لگانا جو اور صورتون مین جمع کردیا جاے ؛

دفعه ٣٣ — جب کوئي روپیه اس ایکت کي رو سے کسی اور سبب سے غیر اوسکے که جو اوپر کی اخیر دفعه مین مذکور هی عدالت مین جمع کردیا گیا هو تو عدالت کسی ایسے فریق کی درخواست گذرنے پر جو ویسے روپیه مین حقیت رکهتا هو یا اوسپر حقیت کا دعوی کرتا هو - یهه حکم دے سکتي هی که وه روپیه ایسے سرکاري یا اور پسندیده کاغذات زر کفالت کے خریدنے مین لگایا جاے جو اوسکے نزدیك مناسب هو - اور یهه هدایت کرسکتی هی که کسی ویسے لگائے هوئے روپیه کا سود یا اور محاصل اوس طرحپر جمع هوکر ادا کیئے جائین که جس طرحپر عدالت موصوفه کی دانست مین وه سب فریق جو اوسمین حقیت رکهتے هون اوس سے وهی نفع یا جهانتك هو سکے قریب قریب وهي نفع پائین جو اوس اراضي سے پاتے جسکی بابت وه روپیه جمع کردیا جاتا ؛

زر سودکي ادا ؛

دفعه ٣٤ — جب ویسے معاوضه کا روپیه اراضی کا دخل لیتے وقت یا اوس سے پیشتر نه ادا کیا جاے یا نه جمع کردیا جاے تو صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که جو روپیه دلایا جاے وه مع اوسکے سود کے بحساب چهه روپیه فیصدي سالانه دخل مذکور کے حاصل کرنے کے زمان سے اوس روپیه کے حسب مذکور بالا ادا یا جمع نه کردیئے جانے تك - ادا کرین ؛

حصه - ٦ ؛

چندروزه قبضهٔ اراضی ؛

اراضي افتاده یا لائق زراعت کا قبضهٔ چند روزه — اورضابطه جبکه اختلاف درخصوص معاوضه موجود هو ؛

دفعه ٣٥ — (۱) — اس ایکٹ کے حصه ۷ کے احکام کو ملحوظ رکهکر هرگاه لوکل گورنمنٹ پر واضح هو که کسي سرکاري کام یا کسي کمپنی کے لیئے کسي اراضي افتاده یا لائق زراعت پر قبضه و تصرف چندروزه درکار هی تو لوکل گورنمنٹ صاحب کلکٹر کو یهه هدایت کرسکتي هی که صاحب موصوف اراضي مذکور پر قبضه اور تصرف اوس مدت کے لیئے جو گورنمنٹ موصوف مناسب سمجهے اور شروع زمان قبضه مذکور سے تین سال سے زیاده نهو - حاصل کرین ؛

(۲) -- بعد اوسکے صاحب کلکٹر کو لازم هوگا که اوس غرض کي جسکے لیئے اراضي مذکور درکار هی اشخاص حقیتدار اراضي کو اطلاع تحریري دین اور درباب قبض و تصرف اراضي مذکور واسطے مدت مرقوم الفرق کے اور درباب اوس سامان کے (اگر کچهه هو) جو اوس سے لیا جائیگا اشخاص مذکور کو اوسقدر زر معاوضه خواه یکمشت یا بذریعه ماهانه یا دیگر موقت اقساط کے ادا کرین جو درمیان ارنکے اور اشخاص مذکور کے بالتناسب ازروے تحریر کے انفصال پاے ؛

(۳) — جس صورت مین صاحب کلکٹر اور اشخاص حقیتدار درخصوص کفایت یا عدم کفایت یا تقسیم زرمعاوضه کے اختلاف کرین تو صاحب کلکٹر ویسے اختلاف کو واسطے فیصله کے عدالت کے تفویض کرینگے ؛

دفعه ۳۶ — (۱) — ویسے زر معاوضه کے ادا هونے پر یا ویسے اقرار کے تحریر پانے پر یا تحت دفعه ۳۵ تفویض کیئے جانے پر '

داخل هوکر دخل کرلینے کا اختیار اور واپس هونے پر معاوضه '

صاحب کلکٹر اراضي مین داخل هوکر اوسکو دخل کرلینگے اور بموجب شرائط اطلاعنامه مذکور کے اوسکو تصرف مین لائینگے یا اوسکے تصرف مین لائے جانے کي اجازت دینگے '

(۲) — بعد انقضا مدت مذکور کے صاحب کلکٹر زر معاوضه بابت اوس خساره کے (اگر کچهه هو) جو اراضي مذکور مین وقوع مین آے اور جسکي نسبت اقرارنامه مین حکم نرہے اشخاص حقیتدار کو دینگے یا دینے کے لیئے پیش کرینگے اور نیز اراضي مذکور اونکو واپس دینگے '

مگر شرط یهه هی که اگر اراضي دوام کے لیئے اوس کام کے لائق نرہے جس کام مین وه عین قبل شروع مدت مذکور کے لگائي جاتي تهي اور اگر اشخاص حقیتدار ایسا چاهین تو لوکل گورنمنت تحت ایکٹ هذا حصول اراضي مذکور کے لیئے اسطرحپر کارروائي شروع کریگي که گویا وه سرکاري کام یا کسي کمپني کے لیئے واسطے دوام کے درکار هی '

دفعه ۳۷ — جس صورت مین صاحب کلکٹر اور اشخاص حقیتدار درخصوص حالت اراضي بعد انقضا مدت مذکور کے یا درخصوص کسي امر متعلقۂ اقرار مذکور کے اختلاف کرین - تو صاحب کلکٹر اختلاف مذکور کو واسطے فیصله کے عدالت کے تفویض کرینگے '

... نسي کي نسبت اختلاف '

حصه - ۷ '

حصول اراضي واسطے کمپنیون کے '

دفعه ۳۸ — (۱) — به تبیعت اون ضوابط کے جو جناب نواب گورنر جنرل بهادر هند باجلاس کونسل وقتاً فوقتاً اس بارے مین مقرر فرمائین لوکل گورنمنت کسي ایسي کمپني کے کسي عهدهدار کو جو اپني غرضون کے لیئے اراضي حاصل کرنا چاهے اختیارات مفوضۂ دفعه ۴ کے عمل میں لانے کا مجاز گردان سکتي هی '

کمپني کو داخل هوکر پیمایش کرنیکا اختیار '

(۲) — هر ایک ویسي صورت مین دفعه ۴ کے معنے اسطرحپر سمجهے جائینگے که گویا بجاے الفاظ " غرض مذکور " کے الفاظ " واسطے اغراض کمپني " مندرج هین - اور دفعه ۵ کے معنے اسطرحپر سمجهے جائینگے که گویا بعد لفظ " عهدهدار " کے لفظ " کمپني " مندرج هی '

دفعه ۳۹ — دفعه ۶ سے دفعه ۳۷ تک کے احکام (بشمول ان دونون دفعات کے) بغرض حاصل کرنے اراضي کے واسطے کسي کمپني کے موثر نہین گردانے جائینگے اِلا لوکل گورنمنت کي منظوري پیشتر حاصل کرے اور اِلا جبکه کمپني اقرار مصرحۂ مابعد تحریر کردے '

لوکل گورنمنت کي پیشتر منظوري اور تحریر اقرار ضرور هی '

دفعه ۴۰ — (۱) — ویسي منظوري نہین بخشي جائیگي تاوقتیکه لوکل گورنمنت کو از روے تحقیقات کے جو بموجب طریقۂ محکومۂ مابعد کے عمل مین آے امور ذیل کي نسبت تشفي نهولے —

پیشتر تحقیقات '

(الف) — یهه که حصول اراضي مذکور واسطے تعمیر کسي عمارت کے ضرور هی — اور

(ب) — یهه که تعمیر مذکور غالباً مفید عامهٔ خلایق هوسکتي هی '

(۲) — تحقیقات مذکور بذریعه ایسے عهده‌دار کے جسکو اور اوس وقت اور اوس مقام مین جو لوکل گورنمنت مقرر کرے عمل مین آئیگي '

(۳) — عهده‌دار موصوف گواهون کو طلب اور اونکو جبراً حاضر کراسکتا هی اور دستاویزات کي پیشي جبراً کراسکتا هی اوسي ذریعه سے اور حتی‌الامکان اوسي طریقه کے بموجب جسکا مجموعهٔ ضابطه دیواني کي روسے عدالت دیواني کي صورت مین حکم هی '

دفعه ۴۱ — عهده‌دار مذکور کو لازم هوگا که لوکل گورنمنت کے حضور نتیجهٔ تحقیقات کي رپورٹ کرے - اور اگر لوکل گورنمنت کو اس بات مین تشفي هو که حصول اراضي مقصوده واسطے تعمیر کسي عمارت کے ضرور هی اور ویسي عمارت غالباً عامهٔ خلائق کے حق مین مفید هوسکتي هی - تو گورنمنت موصوف کو لازم هوگا که به تبیعت اون ضوابط کے جو جناب نواب گورنر جنرل بهادر هند باجلاس کونسل اس بارے مین وقتاً فوقتاً مقرر فرمائین - کمپني سے یهه طلب کرے که وه جناب سکریٹري آف اسٹیٹ بهادر هند باجلاس کونسل کے ساتهه اقرار مین در آکر مرقوم‌الذیل کے بندوبست کي نسبت لوکل گورنمنت کي تشفي کردے - (یعنے) —

سکریٹري آف اسٹیٹ باجلاس کونسل کے ساتهه اقرار '

(۱) — حصول اراضي کے خرچه کا ادا کرنا بحضور گورنمنٹ — اور

(۲) — بعد اداے زر مذکور کے اراضي کا انتقال کمپني کے نام پر — اور

(۳) — وه شرائط جنکے بموجب کمپني اراضي پر دخیلکار هوگي — اور

(۴) — وه مدت جسکے اندر اور وه شرائط جنکے بموجب عمارت مذکور بنیگي اور برقرار رکهي جائیگي — اور ۱ ۱۸ ع '

(۵) — وه شرائط جنکے بموجب عامهٔ خلائق عمارت مذکور کے استعمال کرنے کے مستحق هونگے '

دفعه ۴۲ — هر ایک ویسا اقرارنامه اوسکي تحریر کے بعد جس قدر جلد هوسکے گزٹ آف انڈیا مین اور نیز سرکاري گزٹ مقامي مین چهپکر مشتهر هوگا اور برطبق اوسکے (به نسبت اون شرائط کے جنکے بموجب عامهٔ خلائق تعمیر کے استعمال کرنے کے مستحق هونگے) وهي تاثیر رکهیگا جو اقرارنامه مذکور کے جزو ایکٹ هذا هونے کي تقدیر مین اوسکي تاثیر هوتي '

اقرار نامه کا چهپکر مشتهر هونا '

دفعه ۴۳ — دفعه ۳۹ سے دفعه ۴۲ تک کے احکام (بشمول ان دونون دفعات کے) ایسي اراضي کے حاصل کرنے سے متعلق نهین هونگے اور نه ایکٹ بابت حصول اراضي مصدرهٔ سنه ۱۸۷۰ ع کي دفعات مترادف کا اوس اراضي سے کبهي متعلق رهنا سمجها جائیگا جو کسي ایسی ریلوے یا دیگر کمپني کے لیئے هو جسکي غرضون کے لیئے از روے کسي اقرارنامه فیمابین کمپني مذکور اور جناب سکریٹري آف اسٹیٹ بهادر منتظم هند باجلاس کونسل کے گورنمنٹ اراضي بهم پهنچادینے کي پابند هی یا تهي ' ۱۰ ۱۸۱ ع '

دفعه ۳۹ سے دفعه ۴۲ تک متعلق نهین هونگي جبکه گورنمنٹ ازروے اقرارنامه کے کمپنیون کے لیئے اراضي بهم پهنچادینے کي پابند هو '

دفعه ۴۴ — ریلوے کمپني کي غرضون کے لیئے حصول اراضي کي صورت مین ایک ایسے اقرارنامه کا موجود رهنا جسکي تصریح دفعه ۴۳ مین کي گئي هی بذریعه پیش کرنے اوسکي ایک چهپي هوئي نقل کے جس سے یهه واضح هو که وه گورنمنٹ کے حکم سے چهپي هی - ثابت کیا جاسکتا هی '

کیونکر اقرارنامه فیمابین ریلوے کمپني اور جناب سکریٹري آف اسٹیٹ بهادر کے ثابت کیا جاسکتا هی '

(۲) — کسي ایسي کارروائي مین جو صاحب کلکٹر یا عدالت کے روبرو ویسي صورتون مین عمل مین آے وہ حاکم مقامي یا کمپني جو اس سے سروکار رکھتي ہو مجاز اس امر کي ہوگي که تعداد و معارضه کے ٹھہرا دیئے جانے کي غرض سے حاضر ہوکر ثبوت پیش کرے ‘

مگر شرط یہه ہی که کوئي ویسا حاکم مقامي یا کمپني مستحق اس امر کي نہوگي که حسب دفعه ۱۸ استصواب کیئے جانے کي استدعا کرے ‘

محصول اسٹامپ اور زرفیس کا معاف ہونا ‘

دفعه ۵۱ — کسي فیصله یا اقرارنامه پر جو تحت ایکٹ ہذا صادر ہو یا تحریر پاے محصول اسٹامپ واجب‌الاخذ نہین ہوگا - اور کوئي شخص جو کسي ویسے فیصله یا اقرارنامه کي رو سے دعویدار ہو بابت نقل فیصله یا اقرار کے مستوجب اداے زر فیس نہین ہوگا ‘

اطلاع اون نالشون کي صورت مین جو بعلت کسي ایسے کام کے رجوع ہون جو بمطابقت ایکٹ ہذا وقوع مین آیا ہو ‘

دفعه ۵۲ — کوئي نالش یا دیگر کارروائي بنام کسي شخص کے بعلت کسي ایسے کام کے جو ایکٹ ہذا کے مطابق کیا گیا ہو - بدون دینے کے شخص مذکور کو ایک مہینا پیشتر اطلاع تحریري کارروائي مقصودالارجاع کي اور اوسکي وجه کي - شروع یا دائر نہین کیجائیگي اور نه کافي زر خساره کے پیش کردینے کے بعد ‘

مجموعهٔ ضابطهٔ دیواني اون کارروائیون سے متعلق ہوگا جو عدالت کے روبرو ہون ‘

دفعه ۵۳ — باستثناۓ اسقدر کے جو کسي مضمون مندرجهٔ ایکٹ ہذا سے مطابقت نکرے مجموعهٔ ضابطهٔ دیواني کے احکام اون جمله کارروائیون سے متعلق ہونگے جو عدالت کے روبرو تحت ایکٹ ہذا عمل مین آئین ‘

ایکٹ ۱۴ سنه ۱۸۸۲ ع

اون کارروائیون مین اپیل جو عدالت کے روبرو عمل مین آئین ‘

دفعه ۵۴ — مجموعهٔ ضابطهٔ دیواني کے اون احکام کي پابندي کے ساتھه جو اون اپیلون سے متعلق ہوسکتے ہیں جو ابتدائي ڈگریون کي ناراضي سے دائر ہون - اپیل کسي کارروائي مین جو تحت ایکٹ ہذا عمل مین آے عدالت کے فیصله یا جزو فیصله کي اراضي سے عدالت هائي کورٹ مین دائر ہوگا ‘

ایکٹ ۱۴ سنه ......

ضوابط وضع کرنے کا اختیار ‘

دفعه ۵۵ — (۱) — لوکل گورنمنٹ کو اختیار ہوگا که ضوابط بمطابقت ایکٹ ہذا عہده‌دارون کي ہدایت کے لیئے جمله امور مین جو اس ایکٹ کي تعمیل سے علاقه رکھین وضع کرے اور اونکو وقتاً فوقتاً تبدیل یا اونمین الحاق کرے ‘

(۲) — دفعه ماتحتي (۱) کے بموجب ضوابط کے وضع کرنے اور تبدیل کرنے اور اونمین الحاق کرنے کا اختیار اس شرط کے ساتھه ہوگا که وہ قواعد - بعد اسکے که پیشتر چھپکر مشتہر ہولین - وضع یا تبدیل کیئے جائین یا اونمین الحاق کیا جاے ‘

(۳) — جمله ویسے ضوابط اور تبدیلات اور الحاقات جبکه جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل منظور کرلین سرکاري گزٹ مین چھپکر مشتہر ہونگے - اور بعدازان حکم قانون رکھینگے ‘

———

G. I. C. P. O.—No. 23. L. D. T, B.—23-5-94—150.

ایکٹ نمبر ۳ مصدرهٔ سنه ۱۸۹۴ ع

جاري کیا ہوا جناب نواب گورنر جنرل بہادر ہند باجلاس کونسل کا

(۲۳ فبروري سنه ۱۸۹۴ ع کو جناب معتشم‌الیه نے اس ایکٹ کو منظور فرمایا)

ایکٹ بمراد ترمیم کرنے مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداری مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع اور مجموعهٔ قوانین تعزیرات ہند کے

ایکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع — ایکٹ ۴۵ سنه ۱۸۶۰ ع

چونکه قرین مصلحت هی - که مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع اور مجموعهٔ قوانین تعزیرات هند کي ترمیم کي جاے - لهذا اس ایکٹ کي رو سے حسب ذیل احکام صادر هوئے —

مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداری مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع

ایکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع

دفعه ۱ — مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع کي دفعه ۴۴ مین عبارت مرقوم‌الذیل بڑھائي جائیگي — یعنے —

مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع کي دفعه ۴۴ مین الحاق

ایکٹ ۴۵ سنه ۱۸۶۰ ع

" کوئي فعل جسکا اِرتکاب کسي مقام خارج برٹش انڈیا مین هوا هو اور جو برٹش انڈیا کے اندر صادر هونے کي تقدیر مین مجموعهٔ قوانین تعزیرات هند کي دفعات مرقوم‌الذیل یعنے دفعات ۳۰۲ و ۳۰۴ و ۳۸۲ و ۳۹۲ و ۳۹۳ و ۳۹۴ و ۳۹۵ و ۳۹۶ و ۳۹۷ و ۳۹۸ و ۳۹۹ و ۴۰۲ و ۴۳۵ و ۴۳۶ و ۴۴۹ و ۴۵۰ و ۴۵۷ و ۴۵۸ و ۴۵۹ و ۴۶۰ مین سے کسي دفعه کي رو سے لائق سزا هوتا - اس دفعه کي غرضون کے لیئے ایک جرم متصور هوگا "

ایکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع

دفعه ۲ — مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ ع کي دفعه ۴۵ مین عبارت مرقوم الذیل بعد ضمن (د) کے الحاق هوکر تشریح کي جگهه قائم کیجائیگي - یعنے —

اوسي مجموعه کي دفعه ۴۵ کي ترمیم اور اوسمین الحاق

ایکٹ ۴۵ سنه ۱۸۶۰ ع

" (ه) — ویسے کانون کے نزدیک کسي مقام خارج برٹش انڈیا مین کسي ایسے فعل کے اِرتکاب یا ارادهٔ اِرتکاب کي بابت جو برٹش انڈیا کے اندر صادر هونے کي تقدیر مین ایسا ایک جرم هوتا جو مجموعهٔ قوانین تعزیرات هند کي دفعات مرقوم‌الذیل یعنے دفعات ۳۰۲ و ۳۰۴ و ۳۸۲ و ۳۹۲ و ۳۹۳ و ۳۹۴ و ۳۹۵ و ۳۹۶ و ۳۹۷ و ۳۹۸ و ۳۹۹ و ۴۰۲ و ۴۳۵ و ۴۳۶ و ۴۴۹ و ۴۵۰ و ۴۵۷ و ۴۵۸ و ۴۵۹ و ۴۶۰ مین سے کسي دفعه کي رو سے لائق سزا — هی

" اس دفعه مین —

(اول) — لفظ ' کانون ' مین کانون کي اراضیات داخل هین — اور

(دوم) — الفاظ ' مجرم اشتهاري ' مین هر ایک شخص داخل هی جو کسي حصهٔ هند مین کسي ایسي عدالت یا حاکم کي طرفسے جسے جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل نے قائم کیا

ایکٹ ۴۵ سنه ۱۸۶۰ ع

یا برقرار رکھا هو کسي ایسے فعل کي بابت مجرم کي حیثیت سے مشتهر هوا هو جو برٹش انڈیا کے اندر صادر هونے کي تقدیر مین مجموعهٔ قوانین تعزیرات هند کي دفعات مرقوم‌الذیل یعنے ۳۰۲ و ۳۰۴

و ۳۸۲ و ۳۹۲ و ۳۹۳ و ۳۹۴ و ۳۹۵ و ۳۹۶ و ۳۹۷ و ۳۹۸ و ۳۹۹ و ۴۰۲ و ۴۳۵ و ۴۳۶ و ۴۴۹ و ۴۵۰ و ۴۵۷ و ۴۵۸ و ۴۵۹ و ۴۶۰ مين سے کسي دفعه کي رو سے لائق سزا هوتا "

ايکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع

دفعه ۳ — مجموعۂ ضابطۂ فوجداري مصدرۂ سنه ۱۸۸۲ ع کي دفعه ۵۴ کي ضمن (۱) سا مين لفظ " اور " منسوخ هوکر ضمن سا د سا مين لفظ " اور " الحاق کيا جائيگا اور ضمن سا د سا کے بعد عبارت مرقوم الذيل مندرج کيجائيگي . — يعنے —

